# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد


کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)


**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: اسلامی و مغربی تہذیب وافکار تاریخی تناظر میں (1912)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ**

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-6 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

### (یونٹ نمبر 1-5)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر 1۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل عالمی تہذیب پر نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ تہذیب کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھتے ہوئے اسلامی تہذیب کے خصائص تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اسلامی تہذیب میں زوال کے اسباب تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ عالم عربی کی اسلامی دنیا میں کیا اہمیت ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مغربی نظام تعلیم پر نوٹ لکھیں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

### (یونٹ نمبر 6-9)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر 1۔ عالم اسلام میں مغربیت کے ناقدین کا تعارف لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ استشراق کی تعریف کرتے ہوئے مستشرقین کے مختلف ادوار پر نوٹ لکھیں۔۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مغربی تہذیب میں مذہب کی کیا حیثیت ہے؟ تفصیل لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مغربی میڈیا کے منفی کردار پر نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ عالم انسانیت کے اخلاقی تنزل میں مغربی تہذیب کا کیا کردار ہے؟ مفصل لکھیں۔ (20)